اَوْرَادِ مُؤْمِنْ

مناجاتِ مقبول

۱۰۰/درود و سلام

عمل کم - نفع زیادہ مع منزل

مُرتّب

(حضرت حاجی) شکیل احمد (صاحب مدظلہ العالی)

مُجازِ بیعت

حضرت اقدس مفتی محمد حنیف صاحب مدظلہ العالی

عرضِ مرتب

اورادِ مومن کوئی باقاعدہ تصنیف نہیں ہے؛ بل کہ تین مختلف رسائل:

۱) مناجاتِ مقبول

(دعاؤں کا وہ مجموعہ جو اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کو سکھلایا)۔

۲) سو درود و سلام

(حدیث پاک سے ثابت شدہ درود پاک کے سو مختلف صیغے)

۳) عمل کم نفع زیادہ

(جس میں دنیا اور آخرت کے بے شمار فوائد نیز جادو، شیطان، آسیب، خبیث جنات، ظالم، چور اور ہر طرح کے دشمن سے بچنے کی مسنون دعائیں ہیں) کے مجموعے کا نام ہے۔

یہ تینوں کتابیں، تین مختلف سائز میں تھیں جنھیں امت کی سہولت کی خاطر اب ''اورادِ مومن'' کے نام سے یکجا کر دیا گیا ہے، نیز اس کو جیبی سائز کے مطابق کر دیا گیا ہے، تا کہ معمولات کی پابندی کرنے والوں کے لیے سفر میں لے جانے میں آسانی ہو۔

مزید سہولت کے لیے ان تینوں رسائل کو تین مختلف رنگوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔

اس کتاب کو اللہ پاک نے عجیب مقبولیت دی ہے، اور کیوں نہ ہو، کہ اس میں مقبول دعائیں، مقبول درود و سلام اور امت کی حفاظت کے لیے مسنون اعمال ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ یہ کتاب اور اس کے مختلف حصے اب تک تقریباً بیس ہزار سے بھی زائد تعداد میں چھپے اور ہاتھوں ہاتھ لے لیے گئے۔

اگر آپ نے ان اعمال سے اب تک نفع نہ اٹھایا ہو تو آج سے شروع کر دیں، کچھ ہی دنوں کی پابندی کے بعد آپ کو نمایاں طور سے اس کا نفع محسوس ہونے لگے گا۔

یہ کتاب تمام لوگوں کے لیے، بالخصوص حج میں جانے والوں کے لیے خاص تحفہ ہے، اگر آپ حج کو جا رہے ہیں تو اسے اپنے ساتھ رکھیں یا پھر جانے والوں کو ہدیہ دیں۔

شکیل احمد، پنویل، بمبئی، انڈیا۔

تفصیلات

کتاب کا نام: اَوْرَادِ مُؤمن

تقریظ: حضرت اقدس مفتی محمد حنیف صاحب مدظلہ العالی

مُرتّب: (حضرت حاجی) شکیل احمد (صاحب مدظلہ العالی)

سنِ طباعت: ۱۴۳۳ھ ۲۰۱۲ء

تعدادِ طباعت: تین ہزار (۳۰۰۰)

بارِ طباعت: آٹھواں ایڈیشن

ناشر:

ملنے کے پتے

- ادارۂ اسلامیات ٦٣٦/ محمد علی روڈ، ممبئی ۳، انڈیا۔ Ph: 022-23435243
- مکتبہ حکیم الامت، سہارن پور، یوپی، انڈیا۔ Ph: 09759870037
- کتب خانہ محمودیہ، دیوبند، یوپی، انڈیا۔ Ph: 09358451593

عناوین

مناجاتِ مقبول

۱۰۰ درود و سلام

(یہ حصہ ساتویں منزل کے ختم پر ملاحظہ فرمائیں)

عمل کم نفع زیادہ مع منزل

(اس حصے کی فہرست ۱۰۰ درود وسلام کے ختم پر ملاحظہ فرمائیں)

یا اللہ! ہمیں عافیت کے ساتھ حق دکھلایئے،
حق سمجھایئے، حق پہ چلایئے، حق پہ جمایئے،
حق کی حفاظت اور اس کے پھیلانے کے لیے ہمیں قبول فرمایئے اور
اہلِ حق کے ساتھ ہمارا حشر فرمایئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

تقریظ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

بعد حمد وصلوٰۃ یہ ناکارہ نام کا حنیف ”کام کا کثیف“ عَفَا اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ مَا صَدَرَ مِنَ الزُّلَلِ وَاِنَّہٗ تَعَالٰی مُجِیْبٌ۔ بعد ازاں گزارش ہے کہ میرے کرم فرما بہت ہی عزیز دوست بھائی شکیل احمد مدظلہٗ وسلمہٗ نے بہ نظرِ نصحِ مسلمین ایسی دعاؤں کا ایک مجموعہ تالیف فرمایا ہے کہ وہ ساری دعائیں آپ علیہ الصلوٰۃ و السلام نے موقع بموقع حضراتِ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو تعلیم فرمائی تھیں۔ کھلی بات ہے کہ بَفَحْوائے آیت ”وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی“ یہ ساری دعائیں آپ کی زبانِ مبارک سے از راہِ وحی وجود میں آئیں۔ اس لیے یہ بات لُزوماً ثابت ہوگئی کہ اللہ رب العزت کی طرف سے ہی ارشاد ہوا کہ میرے بندوں سے آپ کہیں کہ وہ اِن کلمات کے ذریعے میری بارگاہ میں سوالی بنیں۔ اب کھلی بات ہے کہ جب عرضی کا

مضمون خود حاکمِ اعلیٰ ہی کا تعلیم کیا ہوا ہو تو اس عرضی کی مقبولیت میں کیا شبہ ہو سکتا ہے، اس لیے اس رسالۂ عجالہ کی ساری دعائیں حرزِ جان بنانے کے لائق ہیں کہ اس راہ سے دارین کی صلاح اور فلاح کی امید اور توقع ہے۔

(مفتی) محمد حنیف جونپوری نزیل بمبئی

بہ روز جمعہ، ۲۷؍رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ / ۲۰۰۲ء

یا اللہ! آپ ہمیں عافیت کے ساتھ حق دکھلایئے،
حق سمجھایئے، حق پہ چلایئے، حق پہ جمایئے،
حق کی حفاظت اور اس کے پھیلانے کے لیے ہمیں قبول فرمایئے اور
اہلِ حق کے ساتھ ہمارا حشر فرمایئے۔

اس امت کی ایک خصوصیت

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت کو تین چیزیں ایسی دی گئی ہیں جو اس سے قبل صرف نبیوں کو ملی ہیں۔ (جس میں سے ایک یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ جب کسی نبی کو مبعوث فرماتے تو ان سے فرماتے کہ تم دعا کرنا، میں تمھاری دعا قبول کروں گا اور اس امت سے خطاب کیا کہ تم دعا کرو، میں تمھاری دعا قبول کروں گا۔
(تفسیر قرطبی، سورۃ الغافر)

جو قسمت بدل دے

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: دعا ہی تقدیر کو بدل سکتی ہے اور نیکی ہی سے عمر میں زیادتی ہو سکتی ہے۔ (ترمذی)

دعا نہ کرنے والے پر خدا کی ناراضگی

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:
جو دعا نہیں کرتا، اللہ پاک اس پر غصہ (ناراض) ہوتے ہیں۔
(ابن ابی شیبہ، حاکم)

کن لوگوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں

حرام مال استعمال کرنے والے کی دعا۔ قطع رحمی کرنے والے کی دعا۔ کینہ رکھنے والے کی دعا۔ بھلائی کا حکم کرنے اور برائی سے روکنے کو چھوڑنے والے کی دعا۔ قبولیت میں جلد بازی کرنے والے کی دعا۔ کسی پر ظلم کی دعا۔

ان اوقات کا بیان جن میں دعائیں قبول ہوتی ہیں

تہجد کے وقت۔ اذان کے وقت۔ اذان اور اقامت کے درمیان۔ فرض نماز کے بعد۔ مغرب اور عشا کے درمیان۔ جمعہ کی رات میں۔ جمعہ کے دن طلوع آفتاب سے لے کر غروبِ آفتاب

تک (خصوصیت کے ساتھ جمعہ کی آخری ساعتیں)۔ تلاوتِ قرآن کے بعد (خواہ تھوڑی ہی تلاوت کیوں نہ ہو) اور ختمِ قرآن کے بعد۔ بارش کے وقت۔ سفر کے دوران۔ افطار کے وقت۔ رمضان کا پورا مہینہ۔ شبِ قدر۔ کعبہ کو دیکھنے کے وقت۔ عرفہ کے دن۔

ان مقامات کا بیان جہاں دعا قبول ہوتی ہے

- طواف کے دوران۔
- ملتزم کے پاس۔
- کعبہ کے اندر۔ حطیم بھی کعبہ کا حصہ ہے۔
- رکنِ یمانی پر۔
- رکنِ یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان۔
- میزابِ رحمت کے نیچے۔
- صفا اور مروہ کی پہاڑی پر۔
- سعی کے دوران۔
- منیٰ میں۔
- میدانِ عرفات میں۔
- مزدلفہ میں۔
- تینوں جمرات پر۔
- رسولِ اکرم ﷺ کے روضۂ اطہر پر۔

دعا مانگنے کے آداب

باوضو دعا مانگنا (بلاوضو بھی دعا مانگی جا سکتی ہے)۔ دو زانو قبلہ رخ ہو کر دعا مانگنا۔ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں آسمان کی طرف اور انگلیاں قبلے کی طرف رکھنا۔ ہاتھوں کو سینے یا کندھے تک اٹھانا۔ خلوص اور للٰہیت کے ساتھ دعا مانگنا۔ دعا سے قبل اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنا۔
دعا سے قبل اور دعا کے ختم پر درود پاک پڑھنا۔ خشوع و خضوع اور مسکنت کے ساتھ دعا مانگنا۔ حضورِ قلب کے ساتھ مانگنا۔ اہل حق کو اس کا حق واپس کرنے اور آئندہ ظلم نہ کرنے کی نیت کے ساتھ دعا مانگنا اپنی ذات سے ابتدا کرنا پھر عام لوگوں کے لیے دعا کرنا۔ قبولیت کے یقین کے ساتھ دعا مانگنا۔ دعا کے دوران جب لفظ اَللّٰهُ یا لفظ رَبَّنَا یا لفظ اَللّٰهُمَّ کہا جائے تو اس بات کی کوشش کریں کہ دل مخلوق کے تصور سے بالکل خالی ہو۔ دعا کے بعد چہرے پر ہاتھ پھیرنا۔

اسمِ اعظم

متعدد روایات میں آیا ہے کہ دعا سے قبل اللہ رب العزت کی حمد اور جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام کے بعد اگر اسمِ اعظم کے ذریعے دعا مانگی جائے تو وہ دعا قبولیت سے زیادہ قریب ہوتی ہے۔
اسمِ اعظم کے بارے میں مختلف احادیث میں مختلف اقوال وارد ہوئے ہیں، جن میں سے چند ذیل میں لکھے جاتے ہیں، اگر چاہیں تو سب پڑھ لیں یا ان میں سے کوئی ایک پڑھ لیں۔

- لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

(مستدرک علی الصحیحین)

- الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔
- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

(مسند احمد)

مناجاتِ مقبول کی دعاؤں کو مانگنے کا طریقہ

سب سے پہلے اللہ پاک کی حمد وثنا کریں، پھر درود پاک پڑھیں۔

اس کے بعد اسمِ اعظم پڑھیں، پھر دعا شروع کریں، نیز دعا کے ختم پر بھی درود پاک پڑھیں۔

نوٹ

مناجاتِ مقبول کی منزل شروع ہونے سے پہلے جو خطبہ مذکور ہے، اس میں اللہ پاک کی حمد وثنا بھی ہے اور حضرت نبیٔ کریم ﷺ پر درود وسلام بھی ہے، اس کے بعد اسمِ اعظم لکھا ہوا ہے۔ لہٰذا آپ منزل شروع کرنے سے پہلے اولاً اس خطبے کو پڑھیں، پھر اسمِ اعظم پڑھیں، پھر دعا شروع کریں، نیز دعا مکمل ہونے کے بعد کوئی درود پاک بھی پڑھیں۔ ہر منزل کو شروع کرتے وقت اس ترتیب کا خیال رکھیں۔

(از مرتب)

خطــــــــــبة

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ○ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ○

حمد کرتے ہیں ہم تیری اے بہتر ان کے جن سے امید کی جائے اور سخی تر ان کے جن سے سوال کیا جائے

عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاتِ الْمَقْبُوْلِ ○

اس پر کہ سکھائی تو نے ہمیں مناجات مقبول کہ

مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ ○

وہ موجبِ قربت ہے، اللہ تعالیٰ کے یہاں اور دعائیں ہیں رسول ﷺ کی

فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ○

تو رحمت کاملہ بھیج آپ پر جب تک کہ چلے ہوا پچھوا اور پوروا،

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ○ ثُمَّ

اور نکلیں شاخیں جڑوں سے، بعد ازیں

نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ○ وَ مِنَّا السُّؤَالُ

مانگتے ہیں ہم تجھ سے وہ جو آگے کہتے ہیں، اور ہمارا کام سوال کرنا ہے

وَمِنْكَ الْقُبُوْلُ ○

اور تیرا کام قبول کرنا ہے

یَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ

یَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ

یَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

صَلَّیۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِیۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِیۡمَ

اِنَّكَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِیۡمَ

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِیۡمَ اِنَّكَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ،

اَلۡمَنۡزِلُ الۡاَوَّلُ یَوۡمَ السَّبۡتِ

پہلی منزل بروزشنبہ (سنیچر)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان ، نہایت رحم والے ہیں۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا

اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر صبر

وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِیۡنَ ○

اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ اِنۡ نَّسِیۡنَآ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ

اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں ہم،

رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ

اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا تو نے

عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا

ہم سے پہلے لوگوں پر، اے رب ہمارے اور نہ اٹھوا ہم سے وہ چیز

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا وقفه وَاغۡفِرۡ لَنَا وقفه

جس کی طاقت ہم کو نہیں اور در گزر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں

وَارۡحَمۡنَا وقفه اَنۡتَ مَوۡلٰىنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ

اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا مالک ہے تو غالب کر ہم کو

الۡكٰفِرِيۡنَ ○ رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ

اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دل بعد

هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ

ہدایت کرنے کے اور دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت کہ بے شک تو

اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا

ہی دینے والا اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں، پس بخش دے

ذُنُوۡبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ

ہمارے گناہ اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے تو نے یہ عبث

هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

نہیں پیدا کیا تو پاک ہے پس بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَيۡتَهٗ ؕ

اے رب ہمارے تو جسے دوزخ میں ڈالے تو ضرور اسے رسوا کر دیا تو نے اور

وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعۡنَا

سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں۔ اے رب ہمارے ہم نے ایک پکارنے والے

مُنَادِيًا يُّنَادِىۡ لِلۡاِيۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّكُمۡ

کو ایمان کے لیے پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ،

فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَكَفِّرۡ عَنَّا

سو ہم ایمان لے آئے، اے رب ہمارے اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا

برائیوں کو اتار دے اور ہمارا نیکوں کے ساتھ خاتمہ کر۔ اے رب ہمارے اور دے ہمیں

مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ

جو اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا ا اور ہمیں قیامت کے

الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ○ رَبَّنَا

دن رسوا نہ کر کہ تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اے رب ہمارے ہم نے

ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا

تو ہم نامرادوں میں سے ہو جائیں گے اے رب ہمارے ہم پر

صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

صبر ڈال دے اور مسلمان کرکے موت دے۔ تو ہی ہمارا مددگار ہے پس بخش دے ہم کو

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ○ رَبَّنَا لَا

اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے۔ اے رب ہمارے نہ کیجیو

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا

ہمیں ستم سہنے والا ظالم لوگوں کا۔ اور چھڑا لے ہمیں

بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ ○ فَاطِرَ

اپنی رحمت سے کافر لوگوں سے۔ اے پیدا کرنے والے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا

آسمانوں اور زمینوں کے، تو ہی ہے رفیق میرا دنیا

وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○

اور آخرت میں، اٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ صلے

اے رب میرے کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

اے رب ہمارے اور میری دعا قبول کر اے رب ہمارے بخشا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○ رَبِّ

اور تمام مؤمنین کو جس دن حساب قائم ہو۔ اے رب

ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ○ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ

رحم کر میرے والدین پر جیسا انہوں نے مجھ کو صغر سنی میں پالا (تعلیم الٰہی بآنحضرت) اے رب میرے اندر لے جا

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

مجھے لے جانا صاف اور نکال مجھے نکالنا صاف

وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ○

اور تجویز کر میرے لیے اپنے پاس سے ایک قوت مدد دینے والی

رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

اے رب ہمارے دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت اور سامان کر دے ہمارے لیے

اَمْرِنَا رَشَدًا ○ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○

کام میں درستی کا اے رب میرے کھول دے سینہ میرا

وَيَسِّرْ لِيٓ اَمْرِيْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○

اور آسان کر مجھ پر میرا کام اور کھول دے گنجلک میری زبان سے کہ

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ○ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

میری بات کو لوگ سمجھ لیں اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں مجھے لگ گئی ہے

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ

بیماری اور تو سب سے بڑا مہربان ہے (دعائے سیدنا ایوبؑ) اے رب میرے نہ چھوڑ مجھے

فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ○ رَبِّ اَنْزِلْنِيْ

اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے اے رب اتار مجھے

مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○ رَبِّ

مبارک جگہ میں اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے اے رب میں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○ وَاَعُوْذُبِكَ

پناہ چاہتا ہوں تیری شیطانوں کی چھیڑ سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا

اے رب اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○ رَبَّنَا اصْرِفْ

اور رحم کر ہم پر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے اے رب ہمارے ٹال دے

عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○

ہم سے دوزخ کا عذاب کہ اس کا عذاب گلوگیر ہے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ

اے رب ہمارے دے ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک

اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○ رَبِّ

اور کر دے ہمیں پرہیز گاروں کا مقتدا اے رب

اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

مجھے نصیب کر کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر

وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ

اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام جو تو پسند کرے

وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اور داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○

اے رب میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے محتاج ہوں

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○ رَبَّنَا

اے رب غالب کر مجھے مفسد لوگوں پر اے رب ہمارے

وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

اے رب ہمارے محیط ہوا ہے ہر چیز کو تیرا رحم اور علم، تو بخش دے ان لوگوں کو

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○

جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور بچا انہیں دوزخ کے عذاب سے۔

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ

اے رب ہمارے اور داخل کر انہیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

اور اسے جو نیک ہو ان کے آبا و اجداد میں سے اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ

کیونکہ تو ہی ہے زبردست حکمت والا اور بچا ان کو خرابیوں سے

وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط

اور جس کو تو خرابیوں سے اس دن بچائے تو اس پر تو نے رحم کیا

وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ

اور یہی تو ہے بڑی کامیابی اور صلاحیت دے میری

ذُرِّيَّتِيْ ج ط اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

اولاد میں میں نے تیری طرف سے رجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

میں ہارا ہوا ہوں پس تو میرا بدلا لے (دعائے سیدنا نوحؑ) اے ہمارے رب بخش دے ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا

جو ہم سے آگے پہنچے ایمان میں اور نہ کر ہمارے دلوں میں

غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

کدورت ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے تو بہت مہربان رحم والا ہے

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ

اے رب ہمارے تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف

الْمَصِيْرُ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

لوٹنا ہے، اے رب ہمارے نہ کر ہمیں ستم کش کافر لوگوں کا

وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور بخش دے ہمیں اے رب ہمارے کیوں کہ تو ہی ہے زبردست حکمت والا

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّكَ عَلٰى

اے رب ہمارے کامل کر دے ہمارے لیے ہمارا نور اور بخش دے ہمیں کیونکہ تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

ہر چیز پر قادر ہے اے رب بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو

وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

اور اس کو جو میرے گھر میں ایمان دار ہو کر آئے اور تمام ایمان دار مردوں اور عورتوں کو

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

اے اللہ دھو دے گناہ میرے برف اور اولے کے پانی سے

وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ

اور پاک کر دے میرے دل کو گناہوں سے جیسا کہ

الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

سفید کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے اور مجھ میں اور میرے گناہوں میں ایسا

خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ○

فصل کر دے جیسا کہ مشرق اور مغرب میں

اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَآ اَنْتَ خَيْرُ

تو نے فصل کیا ہے یا اللہ دے میرے نفس کو اس کی پرہیزگاری اور پاک کر دے اسے تو ہی

مَنْ زَكّٰهَآ اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا ○ اِنَّا نَسْاَلُكَ

سب سے بہتر اس کو پاک کرنے والا ہے، تو ہی مالک اس کا اور آقا اس کا ہے

مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى

ہم مانگتے ہیں تجھ سے وہ سب بھلائیاں جو مانگی ہیں تجھ سے تیرے نبی محمد ﷺ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ اِنَّا نَسْاَلُكَ عَزَآئِمَ

نے (ترمذی) ہم مانگتے ہیں تجھ سے

مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ

تیری مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام اور بچاؤ

كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ

ہر گناہ سے اور لوٹ ہر نیکی کی اور کامیابی بہشت کی

وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ○ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ○

اور نجات دوزخ سے میں مانگتا ہوں تجھ سے علم کار آمد

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَ خَطَئِيْ وَعَمَدِيْ ○

یا اللہ بخش دے میرے گناہ نادانستہ و دانستہ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطِيْٓئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْٓ

یا اللہ بخش دے میری خطا اور نادانی اور میری زیادتی

اَمْرِيْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ○ اَللّٰهُمَّ

اپنے بارے میں اور وہ کہ تو زیادہ جانتا ہے اسے مجھ سے یا اللہ

اغْفِرْلِيْ جِدِّيْ وَ هَزْلِيْ ○ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ

بخش دے وہ گناہ جو مجھ کو مقصود تھا، اور غیر مقصود تھا اے اللہ پھیرنے والے

الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ○

دلوں کے پھیر دل ہمارے اپنی طاعت کی طرف

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ

یا اللہ مجھ کو ہدایت کر اور مجھ کو استوار رکھ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ○ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ

ہدایت اور پرہیز گاری اور پارسائی اور سیر چشمی یا اللہ درست رکھ

لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ

میرا دین جو میرے حق میں بچاؤ ہے اور درست رکھ

لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَ اَصْلِحْ لِيْٓ اٰخِرَتِيَ

میری دنیا جس میں میری معاش ہے اور درست رکھ میری آخرت

الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ

جہاں مجھے لوٹنا ہے اور کر زندگی کو میرے لیے ترقی

كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ

ہر بھلائی میں اور کر موت کو میرے لیے چین ہر

شَرٍّ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَ عَافِنِيْ

برائی سے یا اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور امن دے مجھے

وَارْزُقْنِيْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ

اور رزق دے مجھے یا اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں کم ہمتی سے

وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَ الْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ ○

اور سستی سے اور بزدلی سے اور بڑھاپے سے اور قرض سے

وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ

اور گناہ سے اور دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنے سے اور قبر کے فتنے سے

وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَ شَرِّ فِتْنَةِ

اور قبر کے عذاب سے اور مال داری کے برے فتنے سے

الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَمِنْ

اور محتاجی کے برے فتنے سے اور مسیح دجال کے برے فتنے سے اور

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ،

زندگی اور موت کے فتنے سے اور سخت دلی سے اور غفلت سے

وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ، وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ، وَالْفُسُوْقِ

اور تنگدستی سے اور ذلت سے اور خواری سے اور کفر سے اور فسق سے

وَالشِّقَاقِ، وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَآءِ، وَمِنَ الصَّمَمِ

اور ضدا ضدی سے اور سنانے سے اور دکھانے سے اور بہرے ہونے سے

وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّءِ الْاَسْقَامِ،

اورگونگے ہونے سے اور جنون سے اور جذام سے اور بری بیماریوں سے

وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ

اور بار قرض سے اور فکر سے اور غم سے اور بخل سے

وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ، وَمِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ،

اور لوگوں کے دبا لینے سے اور اس سے کہ ناکارہ عمر تک پہنچوں

وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ

اور دنیا کے فتنے سے اور اس علم سے جو نفع

لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ

نہ دے اور اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے

لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا ○

جو مقبول نہ ہو

یا اللہ! عافیت کے ساتھ حق دکھلایئے،
حق سمجھایئے، حق پہ چلایئے، حق پہ جمایئے،
حق کی حفاظت اور اس کے پھیلانے کے لیے ہمیں قبول فرمایئے اور
اہلِ حق کے ساتھ ہمارا حشر فرمایئے۔

دوسری منزل بروز یک شنبہ (اتوار)

رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ

اے رب مدد کر میری اور میرے مقابلہ میں کسی کی مدد مت کر اور فتح دے مجھے اور میرے اوپر کسی کو

عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرِ

فتح نہ دے اور تدبیر کر میرے لیے اور میرے اوپر کسی کی تدبیر نہ چلا اور ہدایت کر مجھے اور آسان کر

الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ، رَبِّ

ہدایت کو میرے لیے اور مجھ کو مدد دے اس پر جو مجھ پر زیادتی کرے اے رب

اجْعَلْنِيْ لَكَ ذَكَّارًا، لَكَ شَكَّارًا، لَكَ رَهَّابًا، لَكَ

کردے مجھے ایسا کہ میں تجھے بہت یاد کیا کروں تیرا بہت شکر کیا کروں تجھ سے بہت ڈرا کروں

مِطْوَاعًا، لَكَ مُطِيْعًا، اِلَيْكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ

تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں تیرا بہت مطیع رہوں تجھ ہی سے سکون پانے والا تیری ہی طرف

اَوَّاهًا مُّنِيْبًا ○ رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ

متوجہ ہونے والا رجوع رہنے والا اے رب قبول کر میری توبہ اور دھو دے

حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ

میرے گناہ اور قبول کر میری دعااور قائم رکھ میری محبت اور راست رکھ

لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ

میری زبان اور ہدایت دے میرے دل کو اور نکال دے سینہ کی کدورت،

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا

یا اللہ بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر، اور راضی ہو جا ہم سے اور داخل کر ہمیں

الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا كُلَّهٗ ○

بہشت میں اور بچا ہمیں دوزخ سے اور درست کر دے ہمارے حال سب

اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا

یا اللہ الفت دے ہمارے دلوں میں اور اصلاح کر دے ہمارے باہمی تعلقات کی

وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ

اور دکھا ہمیں سلامتی کے راستے اور نکال لے ہمیں اندھیریوں سے

اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

نور کی طرف اور علیٰحدہ رکھ ہمیں بے حیائیوں سے جو ظاہری ہوں

وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْۤ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا

اور باطنی اور برکت دے ہماری شنوائیوں میں اور ہماری بینائیوں میں

وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ

اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیبیوں میں اور ہماری اولاد میں اور توبہ قبول کر ہماری

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ

کیونکہ تو ہی ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان اور کر دے ہمیں اپنی نعمت کا شکر

لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا ○

گزار اور ثناخواں نعمت کے قابل اور پورا کر دے ہم پر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ، وَاَسْاَلُكَ

اے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے تیری ثابت قدمی امر دین میں اور مانگتا ہوں تجھ سے

عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ

اعلیٰ درجہ کی صلاحیت اور مانگتا ہوں تجھ سے تیری نعمت کا شکر اور تیری عبادت

عِبَادَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا

کی خوبی اور مانگتا ہوں تجھ سے زبان سچی اور قلب سلیم

وَّخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا، وَّاَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ

اور اخلاق متین اور مانگتا ہوں میں تجھ سے وہ بھلائی جس کو تو جانتا ہے

وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ، اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

اور معافی چاہتا ہوں اس گناہ سے جس کو تو جانتا ہے، تو ہی

الْغُيُوْبِ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ

چھپی ہوئی چیزوں کا جاننے والا یا اللہ! بخش دے جو کچھ پہلے کیا میں نے اور جو کچھ

اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ، وَمَآ اَنْتَ

بعد میں کیا اور جو کچھ پوشیدہ کیا اور جو کچھ علانیہ کیا اور جو کچھ تو

اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ○ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ

اسے زیادہ جانتا ہے مجھ سے یا اللہ! حصہ دے ہمیں اپنے خوف سے

مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ مَعَاصِيْكَ، وَمِنْ

اتنا کہ حائل ہو جائے ہم میں اور تیرا گناہوں میں اور اپنی

طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ

عبادت سے اتنا کہ پہنچا دے تو ہمیں بذریعہ اس کے اپنی جنت میں اور یقین سے

مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَ مَتِّعْنَا

اتنا کہ سہل کر دے اس سے ہم پر دنیا کی مصیبتیں اور کار آمد رکھ

بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا،

ہماری شنوائیاں اور ہماری بینائیاں اور ہماری قوت جب تک ہمیں زندہ رکھے

وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ

اور کرنا اس کی خیر کو باقی بعد ہمارے اور ہمارا انتقام لے اس سے جو

ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ

ہم پر ظلم کرے اور مدد دے ہمیں اس پر جو ہم سے دشمنی کرے اور مت کر

مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَآ اَكْبَرَ

مصیبت ہماری ہمارے دین میں اور مت کر دنیا کو مقصودِ

هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا، وَلَا

اعظم ہمارا اور نہ انتہا ہمارے معلومات کی اور نہ انتہا ہماری رغبت کی اور نہ

تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ○ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا

مسلط کر ہم پر اس کو جو ہم پر رحم نہ کرے یا اللہ ہمیں زیادہ کر

وَلَا تَنْقُصْنَا، وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا، وَاَعْطِنَا

اور گھٹا مت اور آبرو دے ہمیں اورخوار نہ کر اور عطیہ دے ہمیں

وَلَا تَحْرِمْنَا، وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا، وَاَرْضِنَا

اورمحروم نہ کر اورہمیں فضیلت دے اور ہم پر کسی کوفضیلت نہ دے اورہمیں خوش کر

وَارْضَ عَنَّا ○ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ ○ اَللّٰهُمَّ

اور ہم سے راضی ہو جا، یا اللہ! دل میں ڈال دے میرے میری صلاحیت یا اللہ

قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى رُشْدِ اَمْرِيْ ○

محفوظ رکھ میرے نفس کی برائی سے اور ہمت دے مجھے اپنے کام کی اصلاح پر

اَسْاَلُ اللہَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ○ اَللّٰھُمَّ

مانگتا ہوں میں خدائے تعالیٰ سے امن دنیا اورآخرت میں یا اللہ

اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ

میں مانگتا ہوں تجھ سے توفیق نیک کاموں کے کرنے کی اور برائیوں کے چھوڑنے کی

وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَآ

اور محبت غریبوں کی اور یہ کہ بخش دے تو مجھے اور رحم کرے تو مجھ پر اور جب

اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَۃً فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ

ارادہ کرے تو کسی قوم پر بلا نازل کرنے کا تو اٹھا لینا مجھے قبل اس کے کہ اس بلا میں پڑوں

وَّ اَسْاَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَحُبَّ

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے تیری محبت اور اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہو اور اس عمل

عَمَلٍ یُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّکَ○ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ

کی محبت جو قریب کر دے تیری محبت سے یا اللہ کر دے اپنی محبت

اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ○

پیاری مجھے میری جان سے اور گھر والوں سے اور ٹھنڈے پانی سے

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ

یا اللہ نصیب کر مجھے اپنی محبت اور اس شخص کی محبت جس کی محبت تیرے نزدیک میرے لیے

حُبُّہٗ عِنْدَکَ○ اَللّٰھُمَّ فَکَمَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا اُحِبُّ

کار آمد ہو یا اللہ جس طرح دیا ہے تو نے مجھے جو کچھ مجھے پسند ہے

فَاجْعَلْہُ قُوَّۃً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ اَللّٰھُمَّ وَمَا زَوَیْتَ

تو کر دے اس کو معین میرا اس کام میں جو تجھے پسند ہے یا اللہ اور جو کچھ دور کیا تو نے

عَنِّیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ○

مجھ سے جن چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں تو کر دے اسے میری حق میں فراغ ان چیزوں کے لیے جو تجھے پسند ہیں

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ○

اے پلٹنے والے دلوں کے! مضبوط رکھنا دل میرا اپنے دین پر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَنَعِیْمًا

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایسا ایمان کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمت

لَّا یَنْفَدُ وَمُرَافَقَۃَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ

کہ ختم نہ ہو اور رفاقت اپنے نبی محمد صلی اللہ

وَسَلَّمَ فِیْٓ اَعْلٰی دَرَجَۃِ الْجَنَّۃِ جَنَّۃِ الْخُلْدِ○

علیہ وسلم کی برترین مقام جنت میں یعنی جنت الخلد میں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ صِحَّۃً فِیْٓ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے تندرستی ایمان کے ساتھ اور ایمان

حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ

حسن خلق کے ساتھ اور کامیابی جس کے پیچھے فلاح بھی دے تو مجھے اور رحمت تیری طرف سے

وَ عَافِيَةً وَّ مَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ○ اَللّٰهُمَّ

اور امن اور بخشش تیری طرف سے اور خوشنودی یا اللہ!

انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ ○

نفع دے مجھے اس علم سے جو تو نے مجھے دیا اور دے مجھے وہ علم کہ نفع دے مجھے

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ

یا اللہ! بوجہ اپنے عالم الغیب ہونے کے اور مخلوق پر قادر ہونے کے

اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَ تَوَفَّنِيْ

زندہ رکھنا مجھے جب تک تیرے علم میں زندگی بہتر ہو میرے لیے اور اٹھا لینا

اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ وَاَسْاَلُكَ خَشْيَتَكَ

جب تیری علم میں موت بہتر ہو میرے لیے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے ڈر تیرا

فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي

غائب اور حاضر میں اور کلمہ اخلاص کا

الرِّضٰى وَالْغَضَبِ وَاَسْاَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ

عیش اور طیش میں اور مانگتا ہوں میں تجھ سے ایسی نعمت کہ ختم نہ ہو

وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ

اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کہ جاتی نہ رہے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے رضامندی تیرے حکم پر

وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى

اور خوش عیشی موت کے بعد اور مزا تیرے

وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

دیدار کا اور تڑپ تیرے وصال کی اور پناہ چاہتا ہوں بذریعہ تیری ذات

ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَا بِزِيْنَةِ

کے مصیبت آزار دینے والی اور بلا گمراہ کرنے والی سے یا اللہ! آراستہ کردے ہمیں زینت سے

الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

ایمان کی اور کر دے ہمیں راہ نما راہ میں یا اللہ! میں

اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ

مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی سب کی سب اس وقت کی اور آئندہ کی اس سے جس کا مجھ کو

مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ

علم ہے اور جس کا نہیں یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے

خَيْرِ مَا سَاَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

وہ سب بھلائی جس کو مانگا ہے تجھ سے تیرے بندے اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یا اللہ!

اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ

میں مانگتا ہوں تجھ سے جنت اور جو چیز اس کی طرف قریب کرنے والی ہو قول ہو یا

عَمَلٍ وَّ اَسْاَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ لِّيْ خَيْرًا ○

عمل اور مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ کر دے ہر اپنے حکم کو میرے حق میں بہتر

وَاَسْاَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے جو کچھ جاری کرے تو میرے حق میں کوئی بات کہ کرے تو

عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ○ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي

انجام اس کا بھلائی یا اللہ! اچھا کر انجام

الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ

ہمارے تمام کاموں میں اور پناہ میں رکھ ہمیں رسوائی سے دنیا کی اور عذاب

الْاٰخِرَةِ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا

آخرت سے یا اللہ نگرانی کر میری اسلام پر جب کھڑا ہوں

وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ

اور نگرانی کر میری اسلام پر جب بیٹھا ہوں اور نگرانی کر میری اسلام پر

رَاقِدًا وَّ لَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّ لَا حَاسِدًا ○

جب لیٹا ہوں اور نہ طعنہ کا موقعہ دے مجھے کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ ○

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے سب بھلائیاں جس کے خزانے تیرے قبضۂ قدرت میں ہیں

وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِيْ هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهٖ ○

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے وہ سب بھلائیاں کہ وہ تیرے قبضہ میں ہے

اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا

یا اللہ! مت چھوڑنا ہمارا کوئی گناہ مگر کہ بخش دینا اسے اور نہ کوئی فکر

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً

مگر کہ زائل کر دینا اسے اور نہ کچھ قرض مگر کہ ادا کر دینا اسے، اور نہ کوئی حاجت

مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا

دنیا اور آخرت کی حاجتوں سے مگر کہ پورا کر دینا اسے اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ

سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے یا اللہ! مدد کر ہماری اپنی ذکر

وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا

اور اپنے شکر اور اپنی عبادت کی خوبی پر یا اللہ! قناعت دے مجھے اس پر جو

رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ

نصیب کیا تو نے مجھے اور برکت دے میرے لیے اس میں نگراں رہ میری ہر اس چیز پر جو

اللّٰہُ

غَآئِبَةٍ لِّيْ بِخَيْرٍ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ عِيْشَةً

میرے سامنے نہیں ہے خیریت کے ساتھ یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے زندگی

نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّ مَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍيّ وَّ لَا

صاف اور موت ڈھنگ کی اور انتقال جس میں رسوائی اور فضیحت

فَاضِحٍ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ

نہ ہو یا اللہ! میں کمزور ہوں پس قوت سے بدل دے اپنی مرضیات میں

ضُعْفِيْ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ

ضعف میرا اور کشاں کشاں لے جا مجھے خیر کی طرف اور کر دے

الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَآئِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ

اسلام کو انتہا میری پسند کا اور میں ذلیل ہوں پس عزت دے مجھے

وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ

اور میں محتاج ہوں پس رزق دے مجھے یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے

خَيْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَيْرَ الدُّعَآءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ

سب سے اچھا سوال اور سب سے اچھی دعا اور سب سے اچھی کامیابی

وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ

اور سب سے اچھا عمل اور سب سے اچھا ثواب اور سب سے اچھی زندگی

اللّٰہُ

وَخَيْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِيْ وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِيْ

اور سب سے اچھی موت اور ثابت قدم رکھ اور بھاری کر میری نیکیوں کا پلہ

وَحَقِّقْ اِيْمَانِيْ وَارْفَعْ دَرَجَتِيْ وَ تَقَبَّلْ صَلَاتِيْ

اور سچا کر دے میرے ایمان کو اور بلند کر میرا درجہ اور قبول کر میری نماز

وَ اَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

اور مانگتا ہوں تجھ سے بلند درجے جنت کے آمین یا اللہ

اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ

میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی کی ابتدائیں اور انتہائیں اور اس کی جامع چیزیں اور اس کا اول

وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ خَيْرَ

اور اس کا آخر اور اس کا ظاہر اور اس کا باطن یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ان چیزوں کی بھلائی

مَآ اٰتِيْ وَخَيْرَ مَآ اَفْعَلُ وَخَيْرَ مَآ اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا

جو کروں دھروں میں اور اس کی بھلائی جو عمل میں لاؤں اور اس کی بھلائی

بَطَنَ وَ خَيْرَ مَا ظَهَرَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ

جو پوشیدہ ہے اور اس کی بھلائی جو ظاہر ہے یا اللہ! کرنا سب سے فراخ رزق

عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ ○ وَاجْعَلْ

میرا میرے بڑھاپے اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت اور کرنا

اللّٰہُ

خَيْرَ عُمُرِيْٓ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ

بہترین عمر میری آخری حصہ اس کا اور بہترین عمل میرا پچھلے عمل کو اور بہتر

اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ ○ يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَ اَهْلِهٖ

میرے دنوں کا وہ دن جس میں تجھ سے ملوں اے مددگار اسلام کے اور اہل اسلام کے

ثَبِّتْنِيْ بِهٖ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ ○ اَسْاَلُكَ غِنَايَ وَ غِنَا

ثابت قدم رکھ مجھے اسلام پر یہاں تک کہ میں تجھ سے ملوں، مانگتا ہوں میں تجھ سے اپنی سیر چشمی اور اپنے

مَوْلَايَ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ

متعلقین کی سیر چشمی یا اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں بری عمر سے

وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور دل کے فتنے سے اور پناہ مانگتا ہوں میں بوسیلہ تیری عزت کے نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے اس سے کہ

اَنْ تُضِلَّنِيْ وَمِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ

گمراہ کرے تو مجھے اور بلا کی مشقت سے اور بدبختی کے پالے نے سے

وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا

اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے طعنہ سے

عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَالَمْ اَعْمَلْ وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ

اور اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا اور اس کام کی برائی سے جو میں نے نہیں کی اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم ہے

اللّٰہُ

وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ

اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم نہیں اور تیری نعمت کے جاتے رہنے سے

وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ

اور تیرے امن کے پلٹ جانے سے اور تیرے عذاب کے ناگہاں آجانے سے اور تیرے تمام غصوں سے

وَمِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِيْ وَمِنْ شَرِّ

اور اپنی شنوائی کی برائی سے اور اپنی بینائی کی برائی سے اور اپنی زبان

لِسَانِيْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ وَمِنَ

کی برائی سے اور اپنے دل کی برائی سے اور اپنی منی کی برائی سے اور

الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ الْهَدْمِ

فاقہ سے اور اس سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے اور کسی چیز کے میرے اوپر گر جانے سے

وَمِنَ التَّرَدِّيْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَاَنْ

اور کسی چیز پر سے گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے اور اس

يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَمِنْ اَنْ

سے کہ گڑبڑ میں ڈال دے مجھے شیطان موت کے وقت اور اس سے کہ

اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا ○

مروں میں جہاد سے بھاگ کر اور اس سے کہ مروں میں زہریلے جانور کے کاٹنے سے

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ

تیسری منزل بروز دوشنبہ (پیر)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا

یا اللہ! کر دے مجھے بڑا صبر والا اور کر دے مجھے بڑا شکر والا

وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْٓ اَعْیُنِ النَّاسِ

اور کر دے مجھے میری نظر میں چھوٹا اور لوگوں کی نظر میں

کَبِیْرًا○ اَللّٰھُمَّ ضَعْ فِیْٓ اَرْضِنَا بَرَکَتَھَا وَزِیْنَتَھَا

بڑا، یا اللہ! دے ہماری زمین میں برکت اور شادابی

وَسَکَنَھَا وَلَا تَحْرِمْنِیْ بَرَکَۃَ مَآ اَعْطَیْتَنِیْ

اور امن اور نہ محروم رکھ مجھے اس چیز کی برکت سے جو تو مجھے دے

وَلَا تَفْتِنِّیْ فِیْمَآ اَحْرَمْتَنِیْ○ اَللّٰھُمَّ اَحْسَنْتَ

اور نہ فتنے میں ڈال مجھے اس چیز کے بارے میں جو تو مجھے نہ دے یا اللہ! اچھی بنائی ہے تو نے

خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ○ وَاَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ

صورت میری پس اچھی کر دے سیرت میری اور دور کر دے میرے دل کا غصہ

وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَآ اَحْیَیْتَنَا○

اور بچائے رکھ مجھے گمراہ کرنے والے فتنوں سے جب تک تو ہمیں زندہ رکھے

اَللّٰھُمَّ لَقِّنِّیْ حُجَّۃَ الْاِیْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ○ رَبِّ

یا اللہ! سکھا دینا مجھے حجت ایمان کی موت کے وقت اے میرے رب میں

اَسْاَلُکَ خَیْرَ مَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَخَیْرَ مَا بَعْدَہٗ○

مانگتا ہوں تجھ سے اس چیز کی بھلائی جو اس دن میں ہو اور اس چیز کی بھلائی جو اس کے بعد ہو

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ وَفَتْحَہٗ

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس دن کی اور فتح اس کی

وَنَصْرَہٗ وَنُوْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَھُدَاہُ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

اور مدد اس کی اور نور اس کا اور برکت اس کی اور ہدایت اس کی، یا اللہ!

اَسْاَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ

میں مانگتا ہوں تجھ سے معافی اور امن اپنے دین میں اور اپنی دنیا میں

وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ○ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ

اپنے اہل و مال میں یا اللہ ڈھانک دے عیب میرا اور مبدل بامن کر دے

رَوْعَتِیْ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ

میرے خوف کو، یا اللہ حفاظت کر میری آگے سے اور

خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ

میرے پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے

وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ ○ يَا حَيُّ

اور پناہ چاہتا ہوں میں بوسیلہ تیری عظمت کے اس سے کہ ناگہاں پکڑ لیا جاؤں اپنے نیچے سے، اے حی

يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ

اے قیوم تیری رحمت کی طرف فریاد لاتا ہوں میں درست کر دے میرے تمام

كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ○

احوال کو اور نہ سونپ مجھے میرے نفس کی طرف ایک لمحہ بھر

اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْٓ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ

مانگتا ہوں میں تجھ سے بحق تیرے اس نور ذات کے کہ روشن ہیں اس سے آسمان

وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ

اورزمین اور بذریعہ ہر اس حق کے جو تیرا ہے اور بذریعہ اس حق کے جو مانگنے والوں کا

عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْلَنِيْ وَاَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ

تجھ پر ہے کہ در گزر کرے تو مجھ سے اور یہ کہ پناہ دے تو مجھے دوزخ سے

بِقُدْرَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ

اپنی قدرت سے، یا اللہ! کردے اس دن کے اول حصے کو

صَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْاَلُكَ

بہتری اور اس کے اوسط حصہ کو فلاح اور اس کے آخر حصہ کو کامیابی، میں مانگتا ہوں تجھ سے

خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

بھلائی دنیا و آخرت کی اے سب سے بڑے مہربان

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَاْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ

یا اللہ بخش دے میرے گناہ اور دور کر دے میرے شیطان کو اور کھول دے

رِهَانِيْ وَ ثَقِّلْ مِيْزَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ

بند میرا اور بھاری کر میرا پلہ اور کر دے مجھے طبقۂ

الْاَعْلٰى ○ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ

اعلیٰ میں، یا اللہ بچانا مجھے اپنے عذاب سے جس دن تو اپنے بندوں کو

عِبَادَكَ ○ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ

اٹھائے، یا اللہ! پروردگار ساتوں آسمانوں کے اور اس چیز کے

اَظَلَّتْ وَ رَبَّ الْاَرْضِيْنَ وَمَآ اَقَلَّتْ وَرَبَّ

جس پر ان کا سایہ ہے اور پروردگار زمینوں کے اور اس چیز کے جس کو زمینیں اٹھائے ہوئے ہیں اور پروردگار

الشَّيَاطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ

شیطانوں کے اور اس چیز کے جس کو انہوں نے گمراہ کیا رہنا میرا نگہبان

خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ

اپنی تمام مخلوق کی برائی سے، اس سے کہ ظلم کرے کوئی ان میں سے مجھ پر

اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ ○ لَآ

یا کہ تعدّی کرے محفوظ ہے پناہ دیا ہوا تیرا اور بابرکت ہے نام تیرا نہیں ہے

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ

کوئی معبود سوائے تیرے نہیں ہے کوئی شریک تیرا پاک ہے تو یا اللہ!

اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَ اَسْاَلُكَ رَحْمَتَكَ ○

میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے اپنے گناہ کی اور مانگتا ہوں تجھ سے رحمت تیری

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ

یا اللہ! بخش دے میرا گناہ اور وسعت دے مجھے میرے گھر میں

وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ

اور برکت دے مجھے میرے رزق میں، یا اللہ! کر دے مجھے بہت

التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

توبہ کرنے والوں میں سے اور کر دے مجھے پاک و صاف لوگوں میں، یا اللہ!

اغْفِرْلِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ ○ اِهْدِنِيْ لِمَا

بخش دے مجھے اور ہدایت کر مجھے اور رزق دے مجھے، اور عافیت دے مجھے، اور ہدایت کر مجھے

اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اپنے حکم سے جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہو یا اللہ! کر دے

فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا

میرے دل میں نور اور میری بینائی میں نور اور میری شنوائی میں نور

وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّ عَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَّ خَلْفِيْ

اور میری داہنی طرف نور اور میرے بائیں طرف نور اور میرے پیچھے

نُوْرًا وَّ مِنْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّ فِيْ

نور اور میرے سامنے نور اور کر دے میرے لیے ایک خاص نور اور میرے

عَصَبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ

پٹھوں میں نور اور میرے گوشت میں نور اور میرے خون میں نور اور

شَعْرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا

میرے بالوں میں نور اور میرے پوست میں نور اور میری زبان میں نور

وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّ اَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَّ

اور کر دے میری جان میں نور اور دے مجھے عظیم نور اور

اجْعَلْنِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّ مِنْ

کر دے مجھے سراپا نور اور کر دے میرے اوپر نور اور

تَحْتِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا ○ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ

میرے نیچے نور یا اللہ! دے مجھے نور یا اللہ! کھول دے

لَنَآ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَّنَآ اَبْوَابَ رِزْقِكَ ○

ہمارے لیے دروازے اپنی رحمت کے اور سہل کر دے ہم پر طریقے اپنے رزق کے

اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّيْطَانِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

یا اللہ! محفوظ رکھ مجھے شیطان سے، یا اللہ

اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطَايَایَ

میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرا فضل، یا اللہ! بخش دے میری کل خطائیں

وَذُنُوْبِیْ كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ انْعِشْنِیْ وَاَحْيِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

اور قصور یا اللہ! رفعت دے مجھے اور زندہ رکھ مجھے اور رزق دے مجھے

وَاهْدِنِیْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهٗ لَا

اور ہدایت کر مجھ کو اچھے اعمال و اخلاق کی کیونکہ نہیں

يَهْدِیْ لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَآ اِلَّآ اَنْتَ ○

ہدایت کرتا ہے عمدہ اعمال واخلاق کی اور نہیں دور کرتا ہے برے اعمال اور اخلاق کو کوئی سوائے تیرے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے رزق پاکیزہ اور علم کار آمد

وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ

اور عمل مقبول یا اللہ! میں غلام ہوں تیرا اور بیٹا ہوں تیرے

عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ

غلام کا اور بیٹا ہوں تیری لونڈی کا ہمہ تن قبضہ میں ہوں تیرے،

حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ

نافذ ہے میرے بارے میں حکم تیرا عین عدل ہے میرے بارے میں فیصلہ تیرا مانگتا ہوں میں تجھ سے بحق ہر نام کے

هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ

جو تیرا ہے کہ جس کے ساتھ تو نے اپنی ذات کو موسوم کیا ہے یا اس کو اپنی کتاب میں اتارا ہے

اَوْ عَلَّمْتَهٗٓ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ

یا وہ اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا اپنے علم غیب ہی

فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ

میں اس کو رہنے دیا ہے یہ کہ کر دے قرآن عظیم کو

رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَآءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ

بہار میرے دل کی اور نور میری آنکھ کا اور کشائش میرے غم کی اور دفعیہ

هَمِّیْ ○ اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ

میری فکر کا اے اللہ معبود جبرئیل علیہ السلام کے اور میکائیل علیہ السلام کے

وَاِسْرَافِيْلَ وَاِلٰهِ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

اور اسرافیل علیہ السلام کے اور معبود ابراہیم علیہ السلام کے اور اسمٰعیل علیہ السلام کے اور اسحٰق علیہ السلام کے

عَافِنِيْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ

عافیت دے مجھے اور نہ مسلط کرنا کسی کو اپنی مخلوق سے مجھ پر ایسی چیز کے ساتھ

لَّا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ

جس کی برداشت مجھ میں نہ ہو یا اللہ! کفایت کر میری اپنا حلال رزق دے کر

عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ○

حرام روزی سے اور بے پرواہ کر دے مجھے بدولت اپنے فضل کے اپنے ماسوا سے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ وَتَعْلَمُ

یا اللہ! تو سنتا ہے میری بات کو اور دیکھتا ہے میری جگہ کو اور جانتا ہے

سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ

میری پوشیدہ اور ظاہر کو چھپی نہیں رہ سکتی تجھ سے میری کوئی

اَمْرِيْ وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ

بات اور میں ہوں مصیبت زدہ محتاج، فریادی، پناہ

الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ اَسْاَلُكَ

جو ترساں و ہراساں اقرار کرنے والا ماننے والا اپنے گناہ کا سوال کرتا ہوں تجھ سے

مَسْاَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ

سوال بے کس کا سا گڑ گڑاتا ہوں تیرے سامنے گڑ گڑانا

الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ

گناہ گار ذلیل کا سا اور طلب کرتا ہوں تجھ سے طلب کرنا خوف زدہ

الضَّرِيْرِ وَدُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ

آفت رسیدہ کا سا اور طلب کرنا اس شخص کا سا کہ جھکی ہوئی ہو تیرے سامنے گردن اس کی

وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ

اور بہہ رہے ہوں آنسو اس کے اور فروتنی کیے ہوئے ہو وہ تیرے سامنے اور رگڑتا ہو

لَكَ اَنْفُهٗ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَآئِكَ شَقِيًّا

تیرے سامنے ناک اپنی یا اللہ نہ کر مجھے تجھ سے دعا مانگنے میں ناکام

وَّ كُنْ بِيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ

ہو جا میرے واسطے بہت مہربان رحیم اے ان سب سے بہتر جن سے مانگا جائے

وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ

اور اے سب دینے والوں سے بہتر یا اللہ تجھ ہی سے شکایت کرتا ہوں اپنے ضعیف

قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ يَآ

القویٰ ہونے کی اور اپنی کم سامانی کی اور لوگوں کی نظروں میں کم وقعتی کی اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اِلٰی مَنْ تَکِلُنِیْٓ اِلٰی عَدُوٍّ

ارحم الراحمین کس کے سپرد کرتا ہے تو مجھے آیا کسی دشمن کے

یَّتَجَھَّمُنِیْ اَمْ اِلٰی قَرِیْبٍ مَّلَّکْتَہٗٓ اَمْرِیْٓ اِنْ لَّمْ

کہ سینہ زوری کرے مجھ سے یا کسی عزیز کے کہ قبضے میں دے دے تو اس کے میرے سب کام کو اگر تو

تَکُنْ سَاخِطًا عَلَیَّ فَلَآ اُبَالِیْ غَیْرَ اَنَّ عَافِیَتَکَ

غصہ نہ ہو مجھ کو اس کی کچھ پرواہ تو نہیں مگر پھر بھی تیرے امن میں

اَوْسَعُ لِیْ○ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْاَلُکَ قُلُوْبًا اَوَّاھَۃً

مجھ کو زیادہ گنجائش ہے یا اللہ ہم مانگتے ہیں تجھ سے ایسے دل جو متاثر ہوں

مُّخْبِتَۃً مُّنِیْبَۃً فِیْ سَبِیْلِکَ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

اور عاجزی کرنے والے ہوں اور رجوع ہونے والے ہوں تیری راہ میں یا اللہ میں

اَسْاَلُکَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا صَادِقًا

مانگتا ہوں تجھ سے ایمان کہ پیوست ہو جائے میرے دل میں اور یقین سچا

حَتّٰٓی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُنِیْٓ اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ

یہاں تک کہ جان لوں میں کہ نہیں پہنچ سکتا ہے مجھ کو مگر جو کچھ کہ تو لکھ چکا ہے میرے لیے

وَرِضًی مِّنَ الْمَعِیْشَۃِ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ○ اَللّٰھُمَّ

اور رضا اس چیز کے ساتھ کہ مقسوم میں لکھی تو نے میری معاش میں سے یا اللہ

لَکَ الْحَمْدُ کَالَّذِیْ تَقُوْلُ وَخَیْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ○

تیرے واسطے تعریف ہے جیسی کہ فرماتا ہے تو اور بڑھ کر اس سے کہ کہتے ہیں ہم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مُّنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ

یا اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَھْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ نَعُوْذُبِکَ مِنْ

كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا
تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا
تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ
لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ٙ وَاغْفِرْ لَنَا ٙ
وَارْحَمْنَا ٙ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ؕ

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ
تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ
وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ
الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ
مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ [۱]

[۱] حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی، شَهِدَ اللّٰهُ سے اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک اور قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف فرمائیں گے اور جنت میں جگہ دیں گے اور اس کی ستر (۷۰) حاجتیں پوری فرمائیں گے، جن میں کم سے کم حاجت اس کی مغفرت ہے۔
(روح المعانی)

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ
يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيثًا ۙ وَّالشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِأَمْرِهٖ ۗ أَلَا لَهُ
الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ۗ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ ○
أُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۗ إِنَّهٗ لَا يُحِبُّ
الْمُعْتَدِينَ ○ۚ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ
إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۗ إِنَّ رَحْمَتَ
اللّٰهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ○ [1]
قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۗ أَيًّا مَّا
تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ

[1] قرآنِ مجید کی یہ تینوں آیات (إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ سے مُحْسِنِينَ تک) دفعِ مضرت کے لیے مُجرّب اور مشہور ہیں۔

بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ
سَبِيلًا ○ [1]
وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ
مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ○ [2]
أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّأَنَّكُمْ إِلَيْنَا
لَا تُرْجَعُونَ ○ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَا إِلٰهَ
إِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ ○ وَمَنْ يَّدْعُ
مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَإِنَّمَا

[1] حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص صبح ہوتے ہی اور شام ہوتے ہی یہ دو (۲) آیتیں (قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ سے وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا تک) پڑھ لے تو اس کا دل اس دن اور اس رات میں مردہ نہ ہوگا۔ (الدیلمی)

[2] وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الخ یہ آیت، آیتِ عزت ہے۔ (مُسندِ احمد)

حِسَابُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الۡكٰفِرُوۡنَ ○

وَقُلۡ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ○ ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا ○ۙ

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكۡرًا ○ۙ اِنَّ اِلٰهَكُمۡ لَوَاحِدٌ ○ؕ

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ

۱ حضرت ابراہیم بن حارث تیمیؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم کو حضور اکرم اللہ ﷺ نے ایک سریے میں بھیجا، جاتے وقت یہ وصیت فرمائی کہ ہم صبح اور شام ہوتے ہی یہ آیتیں پڑھ لیا کریں: اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ الخ تو ہم پڑھتے رہے، ہمیں مالِ غنیمت بھی ملا اور ہماری جانیں بھی محفوظ رہیں۔ (ابن السنی)

فائدہ: چوں کہ اس زمانے میں سریے کا موقع میسر نہیں ہے، لہٰذا جب کبھی کسی سفر پر جانے کا موقع ہو تو یہ دعا پڑھ لیا کرے، ان شاء اللہ سلامتی اور عافیت کے ساتھ لوٹے گا۔

الۡمَشَارِقِ ○ؕ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا بِزِيۡنَةِ

الۡكَوَاكِبِ ○ۙ وَحِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ○ۚ

لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰى وَيُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ

كُلِّ جَانِبٍ ○ۖ دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○ۙ

اِلَّا مَنۡ خَطِفَ الۡخَطۡفَةَ فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ

ثَاقِبٌ ○ فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَهُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمۡ مَّنۡ

خَلَقۡنَا ؕ اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ○ ۱

يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ

تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ

فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ ○ۚ فَبِاَىِّ

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا

۱ سورہ صٰٓفّٰت کی یہ ابتدائی آیات دفعِ مضرات کے لیے بہت مجرّب ہیں۔

شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۬ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ○
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فَاِذَا انْشَقَّتِ
السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ○ فَبِاَيِّ
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ
عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ
عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ
خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ
لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا
اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ

حضرت معقل بن یسار سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے اور اس کے بعد سورہ حشر کی آخری تین آیتیں ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ سے آخر سورت تک پڑھ تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر فرما دیتے ہیں جو شام تک اس کے لیے دعائے رحمت کرتے ہیں اور اگر اس دن وہ مر گیا تو اسے شہادت کی موت نصیب ہوگی اور جس نے شام کے وقت یہی کلمات پڑھ لیے تو اسے بھی یہی فضیلت حاصل ہوگی۔
(تفسیر مظہری بحوالہ ترمذی)

فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ [1]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ۬ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

[1] قرآن مجید کی یہ آیات (قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ سے شَطَطًا تک) دفعِ مضرات کے لیے بہت مُجرّب اور مشہور ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ۬ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○ [1]

[1] حضرت جُبَیر بن مُطعِم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا: کیا تم یہ چاہتے ہو کہ جب سفر میں جاؤ تو وہاں سے تم اپنے سب رفقا سے زیادہ خوش حال اور بامراد ہو کر لوٹو اور تمھارا سامان زیادہ ہو جائے؟ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! بے شک میں ایسا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قرآنِ مجید کی آخری

(بقیہ صـ۲۹ پر)

ہر تکلیف اور شر سے حفاظت کا عمل

حضرت عبداللہ بن خُبیبؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: صبح اور شام تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ لیا کرو تو یہ تمھاری ہر تکلیف دہ شر سے حفاظت کے لیے کافی ہے۔
(ابوداؤد، کتاب الادب)

جادو اور خبیث جنات سے حفاظت کے اعمال

شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ نے آیاتِ سحر کو دفعِ سحر کے سلسلے میں نہایت مُجرَّب اور نفع بخش بیان کیا ہے۔ (مجرباتِ عزیزی، الاتقان)

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ط

پانچ سورتیں (سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس) پڑھا کرو اور ہر سورت کو بسم اللہ سے شروع کرو اور بسم اللہ پر ختم کرو۔ (تفسیرِ مظہری)

فائدہ: ایک روایت میں سورۂ کافرون کو چوتھائی قرآن کے برابر اور ایک روایت میں سورۂ اخلاص کو تہائی قرآن کے برابر فرمایا گیا ہے۔ (ترمذی)

اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ
الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
الْمُجْرِمُوْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ۙ قَالُوْٓا
اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝
فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ۚ فَغُلِبُوْا
هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ۚ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ
سٰحِرٍ ط وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

سحر، جادو، کرتب وغیرہ سے حفاظت کی دعا

حضرت کعب بن احبارؓ فرماتے ہیں کہ اگر میں یہ دعا نہ پڑھا کرتا تو یہودی مجھے گدھا بنا دیتے۔

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ
اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ

لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَآءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی
کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ
مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ ۔ (موطا امام مالک، کتاب الشعر، باب مایؤمر بہ من التعوذ)

خبیث جنات کے شر سے حفاظت کی دو دعائیں

۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لیلۃ الجن (جس رات میں آپ ﷺ نے جنات کو دعوت دی تھی) میں ایک جن آگ کا شعلہ لے کر آپ ﷺ کے پاس آیا (اور آپ کو جلانا چاہا) تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اے اللہ کے رسول (ﷺ)! کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھادوں جنھیں اگر آپ پڑھیں تو اس کی آگ بجھ جائے اور وہ منھ کے بل جا گرے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ضرور سکھائیں۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا آپ یہ کلمات کہیں۔

اَعُوْذُ بِوَجْہِ اللّٰہِ الْکَرِیْمِ وَکَلِمَاتِہِ

التَّآمَّۃِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ
مِّنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ
فِیْھَا، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ فِی الْاَرْضِ وَمَا تَخْرُجُ
مِنْھَا، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ، وَمِنْ شَرِّ
طَوَارِقِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ
بِخَیْرٍ یَّا رَحْمٰنُ ۔ (کتاب الدعاء للطبرانی حدیث ۱۰۵۸)

۲) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ کی خدمت میں بخار کی تعویذ کا تذکرہ کیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ تعویذ مجھے دکھلاؤ، چناں چہ آپ کو دکھلایا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ ایک عہد ہے جسے حضرت سلیمانؑ نے ہوام سے لیا تھا (کہ وہ اس تعویذ کے پڑھنے والے کو نہیں ستائیں گے)، اس کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ شَجَّۃٌ قَرَنِیَّۃٌ مِلْحَۃٌ بَحْرٍ قَفْطَا۔
(المعجم الکبیر، باب الظاء/المعجم الاوسط، باب المیم)

نوٹ: ہوام جنات کی ایک قسم ہے اور یہ بات حدیث سے ثابت ہے۔ دیکھیں بذل المجہود، کتاب الادب)

نوٹ

منزل سے لے کر مندرجہ بالا تمام دعاؤں تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پئیں اور اپنے گھر والوں کو بھی پلائیں۔ بہتر یہ ہے کہ اس کے لیے پانی کا ایک بوتل مخصوص کرلیں اور ہر مرتبہ پڑھ کر اس پانی میں دم کریں، نیز پانی ختم ہونے سے پہلے اس میں مزید پانی ملا لیا کریں۔ اسی طرح ہاتھوں پر اس طرح دم کریں کہ تھوک کے کچھ چھینٹیں ہتھیلیوں پر گریں اور پھر ان ہاتھوں کو پورے بدن پر پھیریں اور گھر والوں پر بھی دم کریں۔

نظرِ بد سے حفاظت کی دو دعائیں

۱) حضرت حزام بن حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی چیز کو نظر لگنے کا اندیشہ محسوس فرماتے تو یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ فِيْهِ وَلَا تَضُرَّهٗ۔

(ابن السنی، مایقول اذا رای شیئا)

۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی چیز کو دیکھ کر تعجب ہو (اور اسے نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو) تو یہ دعا پڑھ لیا کرو:

مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

(ابن السنی، باب ما یقول اذا رای من نفسہ)

نظرِ بد لگ جائے تو یہ دعا پڑھے

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نظرِ بد دور کرنے کا ایک خاص وظیفہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سکھایا اور فرمایا کہ اسے پڑھ کر (حضرت) حسن اور (حضرت) حسین (رضی اللہ عنہما) پر دم کیا کرو۔

ابنِ عساکر میں ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت غم زدہ تھے۔ سبب پوچھا تو فرمایا کہ حسن و حسین (رضی اللہ عنہما) کو نظرِ بد لگ گئی ہے۔ فرمایا کہ یہ سچائی کے قابل چیز ہے، نظر واقعی لگتی ہے، آپ نے یہ کلمات پڑھ کر انھیں پناہ میں کیوں نہ دیا؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

دریافت فرمایا کہ وہ کلمات کیا ہیں؟ فرمایا وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ ذَا الْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْهِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ۔

حضور اکرم ﷺ نے یہ دعا پڑھی تو دونوں بچے اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگو! اپنی جانوں، اپنی بیویوں اور اپنی اولاد کو اس دعا کے ساتھ پناہ دیا کرو، اس جیسی کوئی اور دعا پناہ کی نہیں۔

(تفسیر ابن کثیر سورۂ قلم آیت نمبر ۵۱)

نوٹ: جب یہ دعا پڑھے تو اَلْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ کی جگہ اپنے بچوں وغیرہ کے نام لے کر دعا کو پورا کرے۔

نفس کے شر سے بچے رہنے کی دعا

حضرت عمران بن حُصَیْنؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے میرے والد حُصَیْن کو دعا کے یہ دو کلمے سکھائے جن کو وہ مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ۔

(ترمذی، کتاب الدعوات)

نفس کو قابو میں رکھنے کا عمل

جس شخص کا نفس اس کے قابو میں نہ ہو تو وہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر یَا مُمِیْتُ (اے موت دینے والے) پڑھتے پڑھتے سو جائے، ان شاء اللہ اس کا نفس اس کا مُطیع ہو جائے گا۔

(حصنِ حصین فصلِ دھم، اسماءِ حسنیٰ)

شیطان کے دھوکوں سے محفوظ رہیں

حضرت ابوبکر صدیقؓ روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنی امت کو بتلا دو کہ وہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

دس (۱۰) مرتبہ صبح کو،

دس (۱۰) مرتبہ شام کو اور

دس (۱۰) مرتبہ سوتے وقت پڑھا کریں۔

سوتے وقت پڑھنے سے وہ دنیا کی آفتوں سے محفوظ رہیں گے، شام کو پڑھنے سے شیطان کے دھوکے سے محفوظ رہیں گے اور صبح کے وقت پڑھنے سے میرے (اللہ کے) غصے سے محفوظ رہیں گے۔

(کنز العمال جلد ۲ حدیث ۳۶۰۷)

آنکھ کھلتے ہی یہ دعا پڑھے

جب نیند سے بیدار ہو تو یہ دعا پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

اس کے بعد مغفرت کی دعا کرے اور کہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ یا کوئی اور دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس دعا کو قبول فرمائیں گے۔ اس کے بعد وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے تو اس وقت پڑھی جانے والی نماز بھی قبول ہوگی۔ (ترمذی، ماجاء فی الدعاء اذا انتبہ من اللیل)

نوٹ: رات کو جب آنکھ کھلے تو یہ دعا پڑھ کر کچھ نہ کچھ مانگ لے اگرچہ نماز نہ پڑھے اور پڑھ لے تو بہت اچھا ہے۔

تہجد کے وقت کا عمل

ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ رات کو تہجد کے لیے اٹھتے تو سب سے پہلے (وضو کرنے سے پہلے) سورۂ آلِ عمران کی آیتیں اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ سے اُولِي الْاَلْبَابِ تک، یا مِيْعَادَ تک، یا ختمِ سورت تک پڑھتے تھے۔ (ابن السنی)

وضو کے بعد پڑھنے کی ایک قیمتی دعا

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص وضو کرے اور یہ دعا پڑھے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

تو اسے ایک کاغذ میں مہر لگا کر عرش کے نیچے رکھ دیا جاتا ہے، پھر اسے قیامت تک کوئی نہیں کھول سکتا۔

(الدعاء للطبرانی، القول عند الفراغ من الوضو)

مسجد جاتے وقت راستے میں پڑھنے کی دعا

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے گھر سے نماز کے لیے نکلے اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ وَاَسْاَلُكَ بِحَقِّ مَمْشَایَ هٰذَا فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ

عمل کم نفع زیادہ
اللہ
مع منزل

اَشَرًا وَّلَا بَطَرًا وَّلَا رِيَآءً وَّلَا سُمْعَةً، وَخَرَجْتُ اتِّقَآءَ سَخَطِكَ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِكَ فَاَسْاَلُكَ اَنْ تُعِيْذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔

تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور ستر (۷۰) ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔

(ابن ماجہ، باب المشی الی الصلوٰۃ)

نماز کے بعد کی دعائیں

جہنم سے آزادی کا پروانہ

حضرت مسلم بن حارث تمیمیؓ روایت کرتے ہیں کہ انھیں حضور اکرم ﷺ نے چپکے سے ارشاد فرمایا: جب تم مغرب کی فرض نماز سے فارغ ہوجاؤ تو سات (۷) مرتبہ

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔

پڑھ لیا کرو ۔ اگر تم اسی رات وفات پا جاؤ گے تو خدا تعالیٰ تمھیں
جہنم سے آزادی کا پروانہ مرحمت فرمائیں گے۔ اسی طرح جب
تم فجر کی فرض نماز سے فارغ ہو جاؤ تو سات (۷) مرتبہ (مذکورہ
دعا) پڑھ لیا کرو۔ اگر تم اس دن انتقال کر گئے تو جہنم سے آزادی
کا پروانہ تمھارے لیے لکھ دیا جائے گا۔ (ابوداؤد، مایقول اذا اصبح)
مُسندِ احمد میں مذکور ہے کہ یہ دعا کسی سے بات چیت کرنے سے پہلے
پڑھنی چاہیے۔ (مُسندِ احمد)

پاگل پن، جذام، کوڑھ اور فالج سے حفاظت کی دعا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ
نے حضرت قَبیصہ بن مُخارِقؓ سے فرمایا: کہ جب تم فجر کی نماز پڑھ تو

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

چار مرتبہ پڑھا کرو تو تم چار بیماریوں (پاگل پن، جذام، کوڑھ،

اور فالج) سے محفوظ رہو گے۔ پھر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ، وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ
فَضْلِكَ، وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَاَنْزِلْ
عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ۔ روایت کی تفصیل یہ ہے۔

فائدہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ قَبیصہ بن مُخارقؓ
حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ
(ﷺ)! میں اس حالت میں آپ کے پاس آیا ہوں کہ مجھ میں
طاقت نہیں ہے، میری عمر زیادہ ہوگئی ہے، میری ہڈیاں کم زور ہوگئی
ہیں، موت کا وقت قریب ہے، میں محتاج ہو گیا ہوں اور لوگوں کی نگاہ
میں ہلکا ہو گیا ہوں، میں آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوا ہوں
تا کہ آپ مجھے وہ مختصر چیز سکھائیں جس سے اللہ تعالیٰ مجھے دنیا اور
آخرت میں نفع دیں۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق دے کر
بھیجا ہے، تمھارے اردگرد جتنے پتھر، درخت اور ڈھیلے ہیں وہ سب

تمھاری اس بات پر رو پڑے ہیں۔ اے قبیصہ ! فجر کی نماز کے بعد یہ دعا (سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ الخ) پڑھ لیا کرو، اس سے تم پاگل پن، جذام، کوڑھ اور فالج (اور ایک روایت کے مطابق اندھے پن) سے محفوظ رہو گے اور اے قبیصہ! آخرت کے لیے یہ چار کلمات (اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ الخ) بھی پڑھتے رہنا۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ ان کلمات کو برابر کہتے رہے اور بھول کر یا بے رغبتی سے انھیں نہ چھوڑا تو جنت کا کوئی دروازہ ایسا نہ ہوگا جو ان کے لیے کھلا نہ ہو۔ (ملخصا ابن السنی، ما یقول فی دبر صلوۃ الصبح)

ستّر (۷۰) حاجتیں پوری ہوں گی

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، شَهِدَ اللهُ سے اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک اور قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک نازل ہوئیں تو عرش سے معلق ہو کر اللہ تعالیٰ

سے فریاد کی کہ کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل کر رہے ہیں جو گناہوں کا ارتکاب کرے گی؟ ارشاد فرمایا کہ قسم ہے میری عزت وجلال اور ارتفاعِ مکان کی کہ جو لوگ ہر فرض نماز کے بعد تمھاری تلاوت کریں گے ہم ان کی مغفرت فرمائیں گے، جنت الفردوس میں جگہ دیں گے، روزانہ ستّر (۷۰) مرتبہ نظرِ رحمت سے دیکھیں گے اور ان کی ستّر (۷۰) حاجتیں پوری کریں گے، جن میں ادنیٰ حاجت مغفرت ہے۔ (روح المعانی تفسیر سورہ آلِ عمران آیت نمبر ۱۸)

فائدہ: بعض روایتوں میں ہے کہ ہم ان کے دشمنوں پر ان کو غلبہ عطا کریں گے۔ (کنز العمال جلد ۲ حدیث ۵۰۵۶)

پڑھنے کا طریقہ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا
خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا
بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝
شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا

الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۝ؕ
قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ
تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ
تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ
وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ
الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ
مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

نماز کا پورا اجر ملے گا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر نماز کے بعد

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

تین مرتبہ پڑھے گا وہ بھرپور ثواب پائے گا اور اسے نماز کا پورا پورا اجر ملے گا۔ (المعجم الکبیر للطبرانی)

حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دعا کبھی نہ چھوڑنا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن حضور اکرم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھ سے فرمایا: اے معاذ! بخدا مجھے تم سے محبت ہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! میرے ماں باپ آپ پر قربان، بخدا مجھے بھی آپ سے محبت ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے معاذ! (اسی محبت کی بنا پر) میں تمھیں وصیت کرتا ہوں کہ کسی نماز کے بعد اس دعا کو پڑھنا نہ چھوڑنا۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔ (الدعا للطبرانی، جامع ابواب القول فی ادبار الصلوات)

حَقِّ عبادت ادا ہو جائے گا

حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور فرمایا اے محمد (ﷺ)! اگر آپ چاہیں کہ رات یا دن کی عبادت کا حق ادا فرمائیں تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا مَعَ خُلُوْدِكَ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ عِلْمِكَ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيْئَتِكَ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا اَجْرَ لِقَآئِلِهٖ اِلَّا رِضَاكَ۔

(کنز العمال ج ۲ حدیث: ۴۹۵۴)

جمعہ کے چند قیمتی اعمال

بیٹے کے ساتھ والدین کے بھی گناہ معاف

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ۔

سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ایک ہزار گناہ اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار (۲۴۰۰۰) گناہ معاف فرمائیں گے۔

(ابن السنی، مایقول بعد صلوٰۃ الجمعۃ)

اَسّی (۸۰) سال کے گناہ معاف

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اَسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا۔

تو اس کے اَسّی (۸۰) سال کے گناہ معاف ہوں گے اور اس کے لیے اَسّی (۸۰) سال کی عبادت کا ثواب لکھا جائے گا۔ (فضائلِ درود)

صبح اور شام کی دعائیں

رحمت کی دعا بھی ملے اور شہادت کا مرتبہ بھی

حضرت مَعقِل بن یسارؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کو تین مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

پڑھے، پھر سورۂ حشر کی آخری تین آیات ایک مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر ستّر ہزار فرشتے مقرر کر دیتے ہیں جو شام تک اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں اور اگر اسی دن اسے موت آگئی تو وہ شہید مرے گا اور جو شخص شام کو پڑھ لے تو اسی طرح ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں

اور اگر وہ اس رات مر گیا تو شہید مرے گا۔ (ترمذی، کتاب فضائل القرآن)

ترتیب یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ
الرَّجِيْمِ ○

پڑھے، پھر سورۂ حشر کی یہ آخری تین آیات ایک مرتبہ پڑھے:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ
الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ
اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

نیکیوں کی کمی پورا کر دینے والا عمل

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اکرم
ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح ہوتے ہی

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○
وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا
وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ
وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ
مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○

پڑھ لے تو اس کی (نیکیوں میں) جو کمی اس دن رہ گئی ہوگی وہ پوری
کر دی جائے گی اور جو شام کے وقت پڑھ لے تو اس کی
(نیکیوں میں) جو کمی اس رات رہ گئی ہوگی وہ پوری کر دی جائے گی۔
(ابوداؤد، مایقول اذا اصبح)

ادھورے کام پورے ہوں گے

حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح اور شام سات مرتبہ اس دعا کو پڑھے، خواہ سچے دل سے پڑھے یا جھوٹے دل سے تو خدا تعالیٰ اس کے تمام کاموں کی کفایت کریں گے۔ (یعنی اس کے ادھورے کاموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے اسباب پیدا فرمائیں گے) وہ دعا یہ ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ (ابوداؤد۔حدیث ۵۰۸۱)

ہاتھ پکڑ کر جنت میں

حضرت مُنیذرؓ ایک افریقی صحابی ہیں، وہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھ لے:

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ

نَبِيًّا (ﷺ)۔

تو میں اس بات کا ذمہ دار ہوں کہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں داخل کرادوں۔ (الطبرانی فی المعجم، باب المیم)

ایک روایت میں ہے کہ صبح وشام تین مرتبہ پڑھے۔ (مجمع الزوائد)

جنت میں داخلے کا ایک اور عمل (سید الاستغفار)

حضرت شدّاد بن عوفؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے ان کلمات کو شام کے وقت پڑھا اور اسی رات اس کی وفات ہوگئی تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور جس نے صبح کے وقت پڑھا اور اسی دن اس کی وفات ہوگئی تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ، وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ، وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ

تمام نعمتوں کا شکر ادا ہو جائے

حضرت عبداللہ بن غنّام ؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے صبح سویرے یہ دعا پڑھ لی:

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ ۔

تو اس نے اس دن کا شکر ادا کر دیا اور جس نے شام کو یہ دعا پڑھ لی:

اَللّٰهُمَّ مَا اَمْسٰى بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ ۔

تو اس نے اس رات کا شکر ادا کر دیا۔ (ابوداؤد، مایقول اذا اصبح)

تمام نعمتوں کی حفاظت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ۔ (کنز العمال جلد ۲ حدیث ۴۹۵۸)

ہر چیز کے نقصان سے بچنے کی دعا

حضرت عثمان بن عفّان ؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا کہ جو بندہ ہر روز صبح اور شام کو تین مرتبہ یہ دعا پڑھ لیا کرے:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

تو اس کو ہر گز کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، ایک روایت میں ہے کہ اس کو اچانک کوئی مصیبت نہیں پہنچتی ۔ (ابوداؤد، مایقول اذا اصبح)

لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْلِيْ،

فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔ (بخاری شریف)

جو مانگو ملے گا

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرہ ابن جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تمھیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے کئی مرتبہ سنی اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے بھی کئی مرتبہ سنی ہے؟ میں نے عرض کیا ضرور سنائیں۔ فرمایا جو شخص صبح اور شام ان کلمات کو پڑھے :

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ، وَاَنْتَ تَهْدِيْنِيْ، وَاَنْتَ تُطْعِمُنِيْ، وَاَنْتَ تَسْقِيْنِيْ، وَاَنْتَ تُمِيْتُنِيْ، وَاَنْتَ تُحْيِيْنِيْ ۔ پھر اللہ تعالیٰ سے جو مانگے تو اللہ تعالیٰ ضرور اسے وہ چیز عطا فرمائیں گے۔

(مجمع الزوائد، ج ۱۰ باب مایقول اذا اصبح واذا امسی)

تمام نعمتوں کے حاصل کرنے کی دعا

حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کو تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَصْبَحْتُ مِنْكَ فِيْ نِعْمَةٍ وَّعَافِيَةٍ وَّ سِتْرٍ، فَاَتِمَّ عَلَيَّ نِعْمَتَكَ وَعَافِيَتَكَ وَسِتْرَكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

اور شام کو تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَمْسَيْتُ مِنْكَ فِيْ نِعْمَةٍ وَّعَافِيَةٍ وَّسِتْرٍ، فَاَتِمَّ عَلَيَّ نِعْمَتَكَ وَعَافِيَتَكَ وَسِتْرَكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے کہ وہ اس پر اپنی نعمتوں کو مکمل کر دیں۔

(ابن السنی، باب مایقول اذا اصبح واذا امسی)

ہر نقصان اور زہریلی چیز کے ڈسنے سے حفاظت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح اور شام کو

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔

پڑھ لے تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

ایک دوسری روایت میں بستر پر جاتے وقت پڑھنے کا بھی تذکرہ ہے جس کا فائدہ یہ ہے کہ اس وقت پڑھ لینے سے ہر (زہریلی چیز) کے ڈسنے سے حفاظت ہوگی۔
(مجمع الزوائد، ج ۱۰)

ہر مصیبت اور حادثے سے حفاظت

(دعائے حضرت ابو درداءؓ)

حضرت طلق بن حبیبؒ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابو درداءؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ تمھارا مکان جل گیا، انھوں نے فرمایا نہیں جلا۔ پھر دوسرا شخص آیا اور اس نے بھی یہی خبر دی، آپ نے فرمایا نہیں جلا۔ تیسرے شخص نے آکر یہ خبر دی کہ

آگ لگی اور اس کے شرارے بلند ہوئے، لیکن جب تمھارے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی۔ حضرت ابو درداءؓ نے فرمایا کہ مجھے معلوم تھا کہ اللہ پاک ایسا نہیں کریں گے۔ وہ آدمی کہنے لگا کہ ہمیں نہیں معلوم کہ ہم آپ کی کون سی بات پر تعجب کریں؟ آیا نہیں جلا پر (جو آپ نے فرمایا) یا (آپ کے اس جملے پر کہ) مجھے معلوم تھا کہ اللہ پاک نہیں جلائیں گے۔ فرمایا میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھ لے تو شام تک اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک کسی مصیبت اور حادثے میں گرفتار نہ ہوگا، میں نے اس دعا کو پڑھ لیا تھا۔ (وہ دعا یہ ہے)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ، مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ
كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ (الدعاء للطبرانی، القول عند الصباح)

ہر شیطان مردود اور سرکش ظالم کے شر سے حفاظت

دعائے حضرت انسؓ بن مالک

حضرت انسؓ پر حجاج بن یوسف سخت ناراض ہوا اور کہا کہ اگر فلاں وجہ نہ ہوتی تو میں تم کو قتل کر دیتا۔ حضرت انسؓ نے فرمایا تو ہرگز مجھے قتل نہیں کر سکتا، اس لیے کہ مجھے حضور اکرم ﷺ نے ایسی دعا سکھلا دی ہے جس کے ذریعے میں ہر شیطان مردود اور سرکش ظالم کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہوں۔ جب حجاج نے سنا تو گھٹنے کے بل بیٹھ گیا اور کہا اچھا! مجھے بھی وہ دعا سکھا دیجیے۔ حضرت انسؓ نے فرمایا تو اس کا اہل نہیں ہے، پھر بعد میں آپ نے وہ دعا اپنے بعض لڑکوں کو بتا دی تھی۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِيْنِیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی

مَا اَعْطَانِیْ رَبِّیْ عَزَّوَجَلَّ ، لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا
اَجِرْنِیْ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ كُلِّ
جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ، اِنَّ وَلِیِّ َۦ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ
الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ ، فَاِنْ تَوَلَّوْا
فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔
(کتاب الدعاء للطبرانی، القول عند الدخول علی السلطان)

جب دشمن کا خوف ہو تو یہ دعا پڑھے

حضرت ابو بردہ بن عبد اللہؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انھوں نے بیان کیا کہ آپ ﷺ جب دشمن کا خوف محسوس فرماتے تو یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ
وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۔
(ابوداؤد، کتاب الصلوۃ، مایقول اذا خاف قوماً)

دشمن کے سامنے پڑھنے کی دعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الدعا)

نوٹ: بزرگوں کا تجربہ یہ ہے کہ اگر اس دعا کو دشمن کے سامنے پڑھا جائے تو ان شاء اللہ دشمن قابو نہیں پا سکتا۔ چناں چہ حضرت ابو رافعؓ سے منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بن جعفرؓ نے اپنی بیٹی کی شادی (مجبوراً) حجاج بن یوسف سے کر دی اور رخصتی کے وقت اپنی بچی سے کہا کہ جب حجاج تیرے پاس آئے تو اس وقت یہ دعا پڑھ لینا۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کی بیٹی نے یہ دعا پڑھی جس کی وجہ سے حجاج اس کے قریب نہ آ سکا۔ نیز حضرت عبداللہ بن جعفرؓ نے دعوے کے ساتھ کہا کہ جب حضور اکرم ﷺ کسی سخت مصیبت اور رنج و غم سے دوچار ہوتے تو یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ نیز وہ یہ دعا پڑھ کر بخار زدہ کو بھی دم کیا کرتے تھے۔

دشمن کے گھیرے میں بھی حفاظت

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا۔

(مُسندِ احمد، ج ۳ حدیث ۱۰۹۷۷)

تکلیف کے سَتّر (۷۰) دروازے بند

حضرت مکحولؒ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ دعا پڑھے:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ۔

تو اللہ رب العزت تکلیف کے سَتّر (۷۰) دروازے بند کر دیتے ہیں جن میں ادنیٰ تکلیف تنگ دستی ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، ج ۳۹۰/۱۵)

بیماری، تنگدستی اور غربت دور کرنے کی دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ باہر نکلا، اس طرح کہ میرا ہاتھ آپ ﷺ

کے ہاتھ میں تھا۔آپ ﷺ کا گذر ایک ایسے شخص پر ہوا جو
بہت شکستہ حال اور پریشان تھا۔آپ ﷺ نے پوچھا تمھارا یہ
حال کیسے ہو گیا؟ اس شخص نے عرض کیا کہ بیماری اور تنگدستی نے میرا
یہ حال کر دیا۔آپ ﷺ نے فرمایا میں تمھیں چند کلمات
بتلاتا ہوں جنھیں تم پڑھو گے تو تمھاری بیماری اور تنگدستی جاتی رہے
گی ۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ
فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ
وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ○

اس واقعے کے کچھ عرصے بعد آپ ﷺ اس طرف تشریف لے
گئے تو اس کو اچھے حال میں پایا۔آپ نے خوشی کا اظہار فرمایا۔اس
نے عرض کیا کہ جب سے آپ نے مجھے یہ کلمات بتلائے ہیں
میں پابندی سے ان کلمات کو پڑھتا ہوں۔ (مُسندِ ابویعلی)

بہترین رزق اور برائیوں سے حفاظت کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے
ارشاد فرمایا: جو شخص صبح میں یہ دعا پڑھ لے اس دن بہترین
رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَشْهَدُ
اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (ابن السنی، ما یقول اذا اصبح)

قرض کی ادائیگی اور مصیبتوں کو دور کرنے کی دعا

حضرت ابوسعید خدریؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک روز حضور اکرم
ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو ایک انصاری صحابی پر نگاہ پڑی
جن کا نام ابوامامہؓ تھا۔آپ نے دریافت فرمایا اے ابوامامہ! کیا بات
ہے، تم غیرِ نماز کے وقت مسجد میں بیٹھے نظر آرہے ہو؟ انھوں نے عرض
کیا اے اللہ کے رسول (ﷺ)! مجھے پریشانیوں اور قرضوں نے
جکڑ رکھا ہے۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا میں تمھیں دعا کا ایسا تحفہ نہ

پیش کروں کہ جب تم اسے پڑھنے لگو تو اللہ تعالیٰ تمھاری پریشانی کو دور فرما دیں اور تمھارے قرض کو بھی ادا کروا دیں؟ عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ (ﷺ)! ۔ آپ ﷺ فرمایا صبح اور شام یہ دعا پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحَزَنِ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔

حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اسی طرح کیا، پس اللہ نے میری پریشانی کو بھی دور کردیا اور مجھ سے قرض کے بوجھ کو بھی اتار دیا۔

(ابوداؤد، استعاذہ)

دنیا ترے قدموں میں

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا

تو وہ اٹھ کر مقامِ کعبہ میں آئے اور دو رکعت نماز پڑھ کر اس دعا کو پڑھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسی وقت وحی بھیجی کہ اے آدم! میں نے تیری توبہ قبول کی، تیرا گناہ معاف کیا اور تیرے علاوہ جو کوئی مجھ سے ان کلمات کے ذریعے دعا کرے گا میں اس کے بھی گناہ معاف کردوں گا اور اس کی مہم کو فتح کردوں گا اور شیاطین کو اس سے روک دوں گا اور دنیا اس کے دروازے پر ناک رگڑتی چلی آئے گی، اگرچہ وہ اس کو دیکھ نہ سکے، وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ، وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ، وَتَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَ یَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَ رِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِیْ۔

(المعجم الاوسط باب من اسمہ محمد)

غموں کو مسرّت سے بدلنے کی دعا

حضورِ اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی کو کوئی غم، پریشانی یا فکر لاحق ہو
تو وہ یہ دعا پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے نہ صرف اس کی پریشانی
کو دور فرمادیں گے؛ بل کہ اس کے غموں کو خوشی اور راحت میں تبدیل
فرمادیں گے۔ صحابۂ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! ہم لوگ
اسے یاد نہ کرلیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، تم بھی اسے یاد کرلو اور
تمھارے علاوہ جو بھی اس دعا کو سنے، اسے بھی چاہیے کہ وہ اسے یاد کرلے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ
اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ
عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ
سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ، اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ، اَوْ
عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ، اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ
فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ

رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ
وَذَهَابَ هَمِّيْ۔ (مجمع الزوائد، باب مایقول اذا اصابہ ہم)

نیکیاں ہی نیکیاں

اللہ کی رحمت کے سائے میں

جو شخص سورۂ انعام کی مندرجہ ذیل تین آیتیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۬ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ
طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ
ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ○ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ
وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ
وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ○

پڑھے گا تو اس کے لیے چالیس ہزار فرشتے مقرر کیے جائیں گے، جو قیامت تک عبادت کرتے رہیں گے، اس کا سارا ثواب پڑھنے والے کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے گا۔ اور ایک فرشتہ آسمان سے لوہے کا گرز لے کر نازل ہوتا ہے، جب پڑھنے والے کے دل میں شیطان وسوسے ڈالتا ہے تو وہ فرشتہ اس گرز سے اس کی خبر لیتا ہے۔ ستّر پردے بیچ میں حائل ہوجاتے ہیں، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائیں گے تو میرے زیرِ سایہ چل، جنت کے پھل کھا، حوضِ کوثر کا پانی پی، سلسبیل کی نہر میں نہا، تو میرا بندہ میں تیرا رب۔

(حاشیۃ الصاوی سورۂ انعام)

میں ہی اس کی جزا دوں گا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ایک نیک بندے نے یہ دعا پڑھی:

يَا رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَلِعَظِيمِ سُلْطَانِكَ۔

تو اس کا ثواب لکھنا فرشتوں پر دشوار ہوگیا۔ وہ آسمان پر پہنچے اور اللہ رب العزت کے حضور عرض کیا کہ اے ہمارے رب! آپ کے ایک بندے نے ایک ایسا کلمہ کہا ہے جس کا ثواب لکھنا ہم نہیں جانتے کہ کیسے لکھیں۔ اللہ رب العزت یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس بندے نے یہ دعا پڑھی ہے، فرشتوں سے سوال کرتے ہیں کہ میرے اس بندے نے کیا پڑھا؟ تو فرشتوں نے وہ کلمات پڑھ کر بتلائے۔

يَا رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَلِعَظِيمِ سُلْطَانِكَ۔

تو اللہ رب العزت نے فرمایا کہ فی الحال اسی طرح لکھ لو جس طرح اس نے پڑھا ہے، جب میرا یہ بندہ مجھے ملے گا اس وقت میں ہی ان کلمات کی جزا اسے دوں گا۔ (ابن ماجہ، باب فضل الحامدین)

جتنے مومن اتنی نیکیاں

حضرت اُمِّ سلمہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص روزانہ **اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ**

پڑھے تو اللہ تعالیٰ ہر مومن (مرد اور عورت) کے بدلے ایک نیکی اس
کے نامۂ اعمال میں لکھ دیتے ہیں۔ (مجمع الزوائد، کتاب التوبہ)
نوٹ: چوں کہ تمام انبیا پر ایمان لانے والے مومن تھے، لہٰذا اس دعا کے
پڑھنے پر جتنی نیکیاں ملیں گی اس کا علم صرف اللہ رب العزت ہی کو ہے۔

ہر وقت درود پڑھنے والوں میں شمار ہوگا

شیخ الاسلام حضرت ابوالعباسؒ نے فرمایا: جو شخص صبح اور شام تین
مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا،
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا،
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اٰخِرِ کَلَامِنَا۔

تو گویا وہ صبح اور شام کے تمام اوقات میں درود پڑھتا رہا۔ (ص ۱۹۱)

اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ، وَحُبَّ مَنْ

عمل کم نفع زیادہ
اللہ
مع منزل

یُّحِبُّکَ، وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ، اَللّٰھُمَّ
اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَھْلِیْ
وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔ (ترمذی، جلد ثانی ص ۱۸۷)

والدین کے حقوق کی ادائیگی کے لیے دعا

علامہ عینیؒ نے شرح بخاری میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص
ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا کرے کہ یا اللہ!
اس کا ثواب میرے والدین کو پہنچا دے، تو اس نے والدین کا
حق ادا کر دیا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ
رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ،
لِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ

الْعٰلَمِیْنَ، وَلَهُ الْعَظَمَةُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ، هُوَ الْمَلِكُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَرَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ، وَلَهُ النُّوْرُ فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

جن کی دعاؤں سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

فائدہ: حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص دن میں ۲۵ یا ۲۷ مرتبہ تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے مغفرت کی دعا مانگے گا وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان مستجاب الدعوات (جن کی دعائیں اللہ کے یہاں قبول ہوتی ہیں) لوگوں میں شامل ہوجائے گا، جن کی دعاؤں سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔

(الطبرانی فی المعجم عن ابی الدرداء)

اللہ پاک جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں

حضور اکرم ﷺ نے حضرت بُریدہؓ اسلمی سے فرمایا کہ اے بُریدہ! اللہ پاک جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو یہ کلمات سکھادیتے ہیں۔ نیز آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ جس کو اللہ تعالیٰ یہ کلمات سکھاتے ہیں وہ مرتے دم تک نہیں بھولتا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ ضُعْفِيْ،
وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ، وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ
مُنْتَهٰى رِضَائِيْ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ،
وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ، وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ۔

(کنز العمال ۲، ص ۱۹۴)

نوٹ: احیاء العلوم میں اس دعا کے اخیر میں لفظ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ کا بھی اضافہ ہے۔

بڑے نفع کی دعا

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِكَ، وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ رَحْمَتِكَ، وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرِ عَمَلِیْ، وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ۔ (کنزالعمال جلد ۲ ص ۲۰۲)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ كُرَبَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

اَللّٰھُمَّ اهْدِ النَّاسَ وَالْجِنَّ جَمِیْعًا۔

اَللّٰھُمَّ اهْدِنَا وَاهْدِ بِنَا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ عَلٰى طَاعَتِكَ، یَا قَوِیُّ

الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ۔

ایک میں سب کچھ

حضرت ابوامامہؓ نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ (ﷺ)! آپ نے بہت سی دعائیں بتائی ہیں، وہ ساری دعائیں مجھے یاد نہیں رہتیں۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تم کو کوئی ایسی دعا نہ بتادوں جو سب دعاؤں کو شامل ہوجائے؟ (ان کے ہاں کہنے پر) حضور اکرم ﷺ نے یہ دعا تعلیم فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ (صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ (صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ)، وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَعَلَیْكَ الْبَلَاغُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔

(ترمذی کتاب الدعوات)

صلوٰۃ تنجینا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا
مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ، وَتَقْضِيْ لَنَا
بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ
السَّيِّئَاتِ، وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ،
وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ
الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ، اِنَّكَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط (القول البدیع ص ۲۱۰)

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ آفات سے تحفظ کے لیے
اس درود پاک کو بعد عشا ستّر (۷۰) مرتبہ پڑھنے کو فرمایا کرتے تھے۔

حج کی دعائیں

تلبیہ

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ
لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ
لَا شَرِيْكَ لَكَ۔ (بخاری شریف)

دعائے عرفات

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے
ارشاد فرمایا: جو مسلمان عرفہ کے دن زوال کے بعد میدانِ عرفات
میں قبلہ رخ ہوکر سو مرتبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط پڑھے، پھر
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ

وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

سو مرتبہ پڑھے اور پھر یہ درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ۔ سو مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائیں گے اے میرے فرشتو! اس بندے کی کیا جزا ہے جس نے میری تسبیح وتہلیل، تکبیر وتعظیم، تعریف وثنا کی اور میرے رسول (ﷺ) پر درود بھیجا؟ اے میرے فرشتو! تم گواہ رہو میں نے اس کو بخش دیا اور اس کی شفاعت قبول کی، اور اگر وہ اہلِ عرفات کے لیے شفاعت کرتا تو بھی میں قبول کرتا۔ (بیہقی، باب المناسک)

عمل کم نفع زیادہ
اللہ
مع منزل

روضۂ اقدس پر پڑھا جانے والا سلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ۔

مرنے سے پہلے موت کی تیاری کیجیے!

ازافادات

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم

کیا آپ نے وصیت نامہ لکھ لیا ہے؟

کیا آپ نے توبہ کرلی ہے؟

کیا آپ نے قرض ادا کردیا ہے؟

کیا آپ نے بیوی کا مہر ادا کردیا ہے؟

کیا آپ نے تمام مالی حقوق ادا کردیے ہیں؟

کیا آپ نے تمام جانی حقوق ادا کردیے ہیں؟

کیا آپ کے ذمے کوئی نماز باقی ہے؟

کیا آپ کے ذمے کوئی روزہ باقی ہے؟

کیا آپ کے ذمے کوئی زکوٰۃ باقی ہے؟

کیا آپ کے ذمے حج باقی ہے؟

عمل کم نفع زیادہ اللہ مع منزل

ذرا دھیان دیں!

مذکورہ تمام اعمال سے اسی وقت پورا پورا نفع ہوسکتا ہے جب کہ....

پانچوں وقت کی نمازوں کا اہتمام ہورہا ہو،

مخلوق کے حقوق کی ادائیگی ہورہی ہو،

گناہوں سے پرہیز کیا جارہا ہو،

نیز حرام اور مشتبہ مال سے بھی بچا جارہا ہو۔

مشقت کے خوف سے نیکیاں مت چھوڑ
مشقت جاتی رہے گی نیکیاں باقی رہیں گی
لذت کے شوق میں گناہ نہ کر
لذت جاتی رہے گی گناہ باقی رہے گا